Rampur State Gazette.

EXTRAORDINARY.

بعہد بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۲۳ } مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۸ر رمضان المبارک ۱۳۵۵ھ مطابق ۱۲ر دسمبر ۱۹۳۶ء { جلد

غیر معمولی گزٹ

حکم اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۲ر دسمبر ۱۹۳۶ء

مابدولت واقبال کو یہ معلوم ہوکر کہ ملک معظم شہنشاہ ہند ایڈورڈ ہشتم نے سلطنت سے دستبرداری فرمائی ہے دلی افسوس ہوا یہ خبر باعث مسرت ہے کہ آپکے چھوٹے بھائی ہز گریشس مجسٹی ملک معظم شہنشاہ ہند جارج ششم تخت سلطنت پر رونق افروز ہوئے ہیں۔ اس سلسلہ میں حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں:-

۱- ۱۴ر دسمبر ۱۹۳۶ء یوم دوشنبہ کی تعطیل منظور کیجاتی ہے

۲- ۱۴ر دسمبر کو صبح ۹ نو بجے برگیڈ پریڈ ہو۔ ایک سو ایک ضرب سلامی پریڈ گراؤنڈ سے سر کیجائیں۔

۳- چونکہ ہماری طبیعت ناساز ہے لہذا برخوردار نواب ولیعہد بہادر طول عمرہٗ پریڈ پر جائیں گے۔

۴- عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر ملک معظم کا اعلان تخت نشینی کریں

(۵) فقراء اور غرباء کو کھانا کھلایا جائے۔ اور کمبل و رضائیاں تقسیم کیجائیں۔

(۶) اسکول کے طلبہ کو شیرینی تقسیم ہو

حکم ہوا کہ

سررشتہ جات سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل ۱۲ر دسمبر کی صبح کو غیر معمولی گزٹ میں شائع کیجائے

(دستخط حاشیہ اجلاس ہمایوں)